**ارباب اقتدار اس بات کی بھی تحقیقات کرائیں کہ طالبان کو ہتھیار اور سرمایہ کون فراہم کر رہا ہے؟، ایم کیو ایم**

**تحریک طالبان کے ترجمان مولوی عمر کا بیان کراچی میں طالبانائزیشن کی سازشوں کا کھلا اعتراف ہے**

**ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کی پریس کانفرنس**

**معزز صحافی حضرات!**

سب سے پہلے ہم اس پریس کانفرنس میں تشریف لانے پر آپ تمام صحافیوں، فوٹو گرافرز اور کیمرہ مین بھائیوں کے انتہائی شکر گزار ہیں۔ آج آپ کو یہاں زحمت دینے کا مقصد آپ کے توسط سے پاکستان کی عوام کی توجہ ایک انتہائی اہم مسئلہ کی جانب مبذول کرانا ہے۔ جیسا کہ آپ کے علم میں ہے کہ قائدِ تحریک جناب الطاف حسین نے جب جب قوم کو حقائق اور مستقبل میں پیش آنے والے خطرات سے آگاہ کرنے کی کوشش کی تو انہیں بعض سیاسی و مذہبی عناصر کی جانب سے مخالفت کا سامنا کرنا پڑا لیکن وقت نے ہمیشہ ثابت کیا ہے کہ جناب الطاف حسین کے خدشات درست تھے۔

**معزز صحافی حضرات!**

متحدہ قومی موومنٹ آج بھی اپنے اس اصولی موقف پر قائم ہے جو اس نے مذہبی انتہاء پسندی کے خلاف اختیار کیا۔ ایم کیو ایم نے ہمیشہ مذہبی انتہاء پسندی کو ملک کی سلامتی اور امن و استحکام کیلئے خطرہ قرار دیا اور اس کے موثر تدارک کیلئے عوامی رائے عامہ کو ہموار کرنے کیلئے کراچی میں کئی بار لاکھوں افراد کی ریلی منعقد کی۔

**معزز صحافی حضرات!**

یہ تمہید اس لئے باندھی گئی کے قائد تحریک جناب الطاف حسین گزشتہ کئی ماہ سے اپنے بیانات اور ٹیلی فونک خطابات میں مسلسل اس خطرے کی نشاندہی کرتے رہے کہ کراچی میں طالبانائزیشن کی سازشیں تیز کر دی گئی ہیں جس پر مختلف حلقوں کی جانب سے کراچی میں طالبان کی موجودگی سے انکار کیا گیا لیکن گزشتہ روز بین الاقوامی نشریاتی ادارے بی بی سی اردو سروس کے نمائندے سے گفتگو کرتے ہوئے تحریک طالبان پاکستان کے ترجمان مولوی عمر نے اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ طالبان نہ صرف کراچی بلکہ پورے سندھ میں اپنا وجود رکھتے ہیں اور وہ ایک مربوط نیٹ ورک سے جڑے ہوئے ہیں۔ ساتھ ہی مولوی عمر نے اس بات کا عندیہ بھی دیا ہے کہ کراچی کی تجارتی اور اقتصادی حیثیت کے پیش نظر طالبان کے وجود کو یہاں ظاہر کر کے اپنی طرز کی شریعت نافذ کریں گے۔ جیسا کہ وہ ملک کے شمال مغرب میں سر دست کر رہے ہیں اور سیاحوں کی جنت ہمارے شمال مغربی علاقے شدید بدامنی کی لپیٹ میں ہیں، سوات میں خواتین کی درس گاہیں جلائی جا رہی ہیں۔ وڈیو اور سی ڈیز کے کاروبار کو غیر شرعی قرار دے کر لوگوں کی املاک کو نقصان پہنچایا جا رہا ہے۔ اس کے علاوہ مولوی عمر نے اپنے نشری انٹرویو میں یہ بھی کہا کہ طالبان کراچی کا امن بحال کریں گے اور اسے بیرونی خطرات سے محفوظ کریں گے اور اس سلسلے میں کراچی میں مدارس بھی موجود ہیں اور طالبان بھی۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ کراچی میں طالبانائزیشن کا عمل کس قدر تیزی سے کیا جا رہا ہے۔

**معزز صحافی حضرات!**

حیرت اور تعجب کی بات یہ ہے کہ قبائلی علاقوں سے بڑی تعداد میں کراچی آنے والے طالبان اور دیگر مذہبی انتہا پسند عناصر کی کھلی سرگرمیوں، دھمکی آمیز ہینڈ بل اور پمفلٹس کی تقسیم، خودکش حملوں کی اعلانیہ ترغیب و تعلیم دینے والے لال مسجد کے سابق خطیب مولانا عبدالعزیز کی اہلیہ ام حسان کے دورہ کراچی اور طلبہ و طالبات کو جہاد کے نام پر دہشت گردی کی کھلی دعوت دینے کے باوجود وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ، صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا اور بعض سیاسی و مذہبی جماعتوں کے رہنما ایم کیو ایم کی جانب سے کراچی میں طالبانائزیشن کی سازشوں کو بے نقاب کرنے کے عمل کو محض ''واویلا'' قرار دیکر حقائق کو قوم سے چھپانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ لیکن تحریک طالبان کے ترجمان مولوی عمر کے اس کھلے دعوے کے بعد بھی کیا یہ حکومتی و سیاسی شخصیات کراچی میں طالبانائزیشن کے عمل سے انکار کریں گی؟ تحریک طالبان کے ترجمان مولوی عمر کا بیان کراچی میں طالبانائزیشن کی سازشوں کا کھلا اعتراف ہے جس سے تمام لوگوں کی آنکھیں کھل جانی چاہئیں۔ اس انکشاف کے بعد وقت نے ایک بار پھر جناب الطاف حسین کے خدشات کو درست ثابت کر دیا ہے جو وہ گزشتہ کئی برسوں سے سندھ کے دارالخلافہ کراچی میں طالبانائزیشن کی سازشوں سے آگاہ کرتے رہے ہیں۔

**معزز صحافی حضرات!**

ہم صدر پرویز مشرف، وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی مشیر داخلہ رحمان ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ مولوی عمر کے اس اعلان کی روشنی میں کہ سندھ اور اس کے دارالخلافہ کراچی میں طالبان وجود رکھتے ہیں، کراچی

میں طالبانائزیشن کی سازش کا سنجیدگی سے نوٹس لیں اور صوبہ سندھ کا امن وسکون غارت کرنے کی سازشیں کرنے والے مذہبی انتہاء پسند عناصر کے خلاف عملی اقدامات کریں۔ارباب اقتدار اس بات کی بھی تحقیقات کرائیں کہ طالبان کو ہتھیار اور سرمایہ کون فراہم کررہا ہے؟ ہم یہ واضح کردینا چاہتے ہیں اگر اس صورتحال کا سنجیدگی سے نوٹس نہ لیا گیا اور طالبانائزیشن کے خلاف راست اقدام نہ کئے گئے تو پھر آنے والی نسلیں ہمیں کبھی معاف نہیں کریں گی۔

**معزز صحافی حضرات!**

ہم اس پریس کانفرنس کے توسط سے پورے ملک خصوصاً کراچی سمیت سندھ بھر میں مستقل طور پر آباد تمام قومیتوں اور تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عوام سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ طالبانائزیشن کی سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے ایم کیوایم کا ساتھ دیں کیونکہ آج وقت کا یہی تقاضہ ہے کہ ملک بھر کے اعتدال پسند عوام اپنے مثالی اتحاد کا مظاہرہ کریں اور مذہبی انتہاء پسندی اور طالبانائزیشن کی سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔آخر میں ہم ایک مرتبہ پھر آپ تمام صحافی حضرات کی تشریف آوری پر آپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

والسلام

اراکینِ رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ (پاکستان)

## حق پرست عوام،اشرف جہاں اور ریحانہ خاتون کی صحت یابی کیلئے خصوصی دعا کریں،الطاف حسین

لندن۔۔۔5،اگست 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے انچارج شکیل احمد کی والدہ محترمہ اشرف جہاں اور ایم کیوایم لیبر ڈویژن کی مرکزی کمیٹی کے رکن محمد اسرائیل کی والدہ محترمہ ریحانہ خاتون کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ محترمہ اشرف جہاں اور محترمہ ریحانہ خاتون کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## محمد عارف اور جعفرعلی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔5،اگست 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم گزری یونٹ کے کارکن محمد عارف اور ایم کیوایم سکھر زون یونٹ یوسی 8 کے کارکن جعفرعلی انصاری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم سکھر زون کے کارکن جعفرعلی انتقال کرگئے،رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

## مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان کی شرکت

سکھر۔۔۔5،اگست 2008ء۔۔۔ایم کیوایم سکھر زون یوسی 8 کے کارکن جعفرعلی انصاری علالت کے باعث انتقال کرگئے۔مرحوم کی عمر 45 سال تھی اور وہ سانس کے مرض میں مبتلا تھے۔گزشتہ روز ان کی طبیعت زیادہ خراب ہوگئی اور وہ پیر کی صبح انتقال کرگئے۔مرحوم ایم کیوایم کے سرگرم کارکن تھے اور گزشتہ بلدیاتی انتخابات میں ایم کیوایم کی جانب سے یوسی ناظم کے امیدوار تھے۔مرحوم کے پسماندگان میں بیوہ، تین بیٹے اور تین بیٹیاں شامل ہیں۔دریں اثناء مرحوم کو سکھر یوسی 9 کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں تعلقہ سکھر کے نائب ناظم رضوان صدیقی، ایم کیوایم سکھر زون کی نگراں کمیٹی کے رکن عابد زیدی، ایم کیوایم کے علاقائی ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت۔علاوہ ازیں ایم کیوایم سکھر زون کی نگراں زونل کمیٹی کے ارکان اور کارکنان نے مرحوم کی رہائش گاہ جاکر سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔مزید برآں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سکھر یوسی 8 کے کارکن

جعفرعلی انصاری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیو ایم گزری یونٹ کے کارکن محمد عارف ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہو گئے،رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔5/اگست 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ گزری یونٹ کے کارکن محمد عارف کورنگی کراسنگ کے قریب ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہو گئے۔تفصیلات کے مطابق محمد عارف اپنی موٹر سائیکل پر کورنگی کراسنگ سے گزر رہے تھے کہ ایک ڈمپر لوڈر نے انہیں پیچھے سے ٹکر ماری جس کے نتیجے میں وہ گر گئے اور زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے انتقال کر گئے۔مرحوم شادی شدہ تھے اور انکی عمر 27 سال تھی۔مرحوم کے سوگواران میں بیوہ ایک بیٹی اور ایک بیٹا شامل ہے۔عارف مرحوم کو ڈیفنس گزری کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیو ایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین،ڈیفنس کلفٹن سیکٹر کمیٹی کے اراکین،علاقائی ذمہ داران،کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی گذری یونٹ کے کارکن عارف کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر کے کارکن کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔5/اگست 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 76 کے کارکن رضوان کی والدہ محترمہ انیسہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆